اسلام آباد، لاہور، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، ڈسکہ، وزیرآباد، گجرات، کھاریاں، جہلم، کوٹلہ، جلال پور جٹاں کا نمائندہ اخبار

مخلوق کی کہانی — مخلوق کی زبانی

The Daily MAKHLOOQ

روزنامہ مخلوق

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر خواجہ سلیم نائیک

سب ایڈیٹر: عمران بھنڈر

daily makhlooq@gmail.com 0333-8133602

جلد نمبر 20 جمعرات 3 رمضان المبارک 1445ھ، 14 مارچ 2024ء، 2 چیت ب، صفحات 4، قیمت 20 روپے شمارہ نمبر 112

آج کی اچھی بات

دنیا میں سب سے غلیظ اور سب سے بھیانک آواز اُس اولاد کی ہے جو بد لحاظی اور چیخ کر والدین سے بات کرتا ہے!

میاں محمد شفیع ایڈوائزر (انچارج)، وفاقی محتسب نے گزشتہ روز نارووال کا دورہ کیا

لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کیخلاف انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) میاں محمد شفیع ایڈوائزر (انچارج)، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے مورخہ 2024-03-13 کو نارووال کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر آفس کمپلیکس میں ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کے کمرے میں لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف (Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو، سٹیٹ لائف انشورنس، سوئی گیس، ای او بی آئی اور ایف آئی اے کے خلاف (44) شکایات سنیں۔ اس موقع پر گیپکو، سٹیٹ لائف انشورنس، سوئی گیس، ای او بی آئی اور ایف آئی اے کے سینئر افسران موجود تھے اس کے علاوہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (27) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی (17) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہیاور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے بعد ازیں میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس سلسلے میں انہوں نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ لوگوں کو وفاقی محتسب کے دفتر کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں ہماری مدد کی جائے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے وفاقی محتسب آفس سے رجوع کریں۔

ABC Certified
لاہور، سرگودھا، اسلام آباد سے بیک وقت اشاعت
@khabrainpakistan @khabrainpakistan
ایڈیٹر انچیف اقراء ورک
روزنامہ خبریں پاکستان لاہور
www.khabrianpakistan.com
جلد نمبر 12 | جمعرات 14 مارچ 2024ء، 03 رمضان المبارک 1445ء، 02 چیت (صفحات 4) | شمارہ نمبر 133

کرنسی نوٹوں پر املاء و گرامر کی سنگین غلطیوں کا انکشاف

شہری وفاقی محتسب ملتان کے دفتر میں شکایت لے کر پہنچ گیا

شجاع آباد (تحصیل رپورٹر) کرنسی نوٹوں پر املاء و گرامر کی سنگین غلطیوں کا انکشاف شہری وفاقی محتسب ملتان کے دفتر میں شکایت لے کر پہنچ گیا پاکستان کے کرنسی نوٹوں پر اردو املا و گرائمر کی سنگین غلطیوں کی درستگی کے لئے خانیوال کے رہائشی شہزاد حسین فیضی نے وفاقی محتسب ملتان دفتر سے رجوع کرلیا۔ جس پر گزشتہ روز ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے سٹیٹ بنک کے اعلی حکام اور شہری کی موجودگی میں درخواست کی سماعت کی گئی۔ شہری نے موقف اختیار کیا کہ تمام کرنسی نوٹوں کے سامنے کے رخ پر جہاں قائداعظم محمد علی جناح کی تصویر شائع ہوتی ہے وہاں پہلی سطر پر "بینک دولت پاکستان'' لکھا گیا ہے یہاں لفظ بینک کا املاء غلط ہے اس لفظ کو لکھتے ہوئے نیچے دو نقطے نہیں لکھے جاتے اور کرنسی نوٹ کے اس رخ پر سطر نمبر 2 مالیت ظاہر کرتی ہے۔ یہاں دس روپیہ، بیس روپیہ، ایک سو روپیہ پانچ سو روپیہ اور پانچ ہزار روپیہ لکھا ہے۔ دراصل روپیہ کا لفظ سنسکرت زبان کا ہے۔ جبکہ اردو زبان میں پورا لفظ روپے ہی لکھا جائے گا۔ اس کے علاوہ بھی پاکستان کے کرنسی نوٹوں پر املاء و گرامر کی دیگر بہت ساری غلطیاں کی موجودگی کا انکشاف کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ان سب کی درستگی ضروری ہے۔ دوران سماعت اسٹیٹ بنک آف پاکستان کے متعلقہ حکام نے کرنسی نوٹوں پر ان تمام غلطیوں کو تسلیم کرتے ہوئے، انہیں جلد از جلد درست کرنے کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ نئے نوٹوں کا حتمی ڈیزائن پر تیزی سے کام زیر تکمیل ہے۔ جسے جلد از جلد مکمل کرلیا جائے گا اس دوران ان تمام غلطیوں کے تدارک کا مکمل دھیان رکھا جائے گا۔